KATHY HOCHUL گورنر **فوری ریلیز کے لیے:** 2022/12/12

گورنر HOCHUL کی جانب سے نفرت پر مبنی جرائم کے متاثرین کو بیمہ کمپنیوں کی بدسلوکی سے بچانے کے لیے قانون سازی پر دستخط

مسودۂ قانون (S.7658-B/A.8869-B) افراد کو ایک دعویدار کے نفرت پر مبنی جرم کا شکار ہونے کی بنیاد پر اس کی بیمہ پالیسی کی منسوخی یا شرحوں میں اضافے سے محفوظ رکھتا ہے

گورنر Hochul نے آج مسودۂ قانون (S.7658-B/A.8869-B) پر دستخط کر دیے ہیں جو نفرت پر مبنی جرائم کے متاثرین کو بیمہ کمپنیوں کے ناروا سلوک سے بچاتا ہے۔ نیا قانون بیمہ کرنے والی کمپنیوں کو بیمہ منسوخ کرنے، بیمے کی قسط میں اضافہ کرنے، پالیسی جاری کرنے سے انکار یا پالیسی کی تجدید سے صرف اس بنیاد پر انکار کرنے سے منع کرتا ہے کہ نفرت پر مبنی جرم کے نتیجے میں ہونے والے نقصان کے لیے ایک یا زیادہ دعوے کیے گئے ہیں۔ یہ نیا قانون افراد، مذہبی تنظیموں، یا بلا منافع کام کرنے والی تنظیموں پر لاگو ہو گا جو مذہبی، فلاحی یا تعلیمی مقاصد کے لیے منظم ہیں اور ان کی جانب سے چلائے جاتے ہیں۔

گورنر Hochul نے کہا، "نیو یارک نفرت کی بنیاد پر کارروائیوں کے خلاف مضبوطی سے کھڑا ہے جہاں کہیں بھی وہ پیش آئیں، اور ہم ان ہولناک جرائم کے مرتکب افراد کو جوابدہ ٹھہرانا جاری رکھیں گے۔ اگر کسی فرد کو نفرت کی وجہ سے کسی جرم کا نشانہ بنایا جاتا ہے، تو آخری چیز جس کے بارے میں انہیں فکر کرنی چاہیے وہ اپنی بیمے کو محروم ہونا ہے، اور اس قانون سازی سے ہم متاثرین کے تحفظ کے لیے اقدامات کر رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ نیو یارک کے ہر باشندے کے ساتھ عزت اور احترام کے ساتھ پیش آیا جائے"۔

مسودۂ قانون (S.7658-B/A.8869-B) بیمہ کے قانون میں ایک نئی دفعہ کا اضافہ کرتا ہے جو کہ نیو یارک میں پالیسیاں جاری کرنے والی بیمہ کمپنی کو پالیسی منسوخ کرنے، بیمے کی قسط بڑھانے، بیمے کی رقم جاری کرنے سے انکار کرنے یا مکمل طور پر پالیسی کی تجدید سے اس بنیاد پر انکار کرنے سے منع کرتا ہے کہ پچھلے پانچ برسوں کے دوران پالیسی کے لیے ایک یا ایک سے زیادہ دعوے اس نقصان کے لیے کیے گئے ہیں جو بیمہ شدہ شخص یا املاک کے ساتھ نفرت کی وجہ سے کسی جرم کا نتیجہ ہے، اگر بیمہ شدہ فرد بیمہ کرنے والی کمپنی کو ثبوت فراہم کرتا ہے کہ ایسے نقصان کی وجہ بننے والا عمل نفرت کی وجہ سے کیے جانے والے جرم کا نتیجہ ہے۔ یہ اس بات کو بھی یقینی بناتا ہے کہ نفرت کی وجہ سے جرائم کے مرتکب افراد قانون کو خود کو جرم کے نتیجے میں شرح میں اضافے یا منسوخی سے بچانے کے لیے استعمال نہ کر سکیں۔

ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا، "ایک یہودی پناہ گزین, جو اپنے وطن میں یہود دشمنی سے بھاگ کر اس ملک میں آئی، کی حیثیت سے میرا دل نفرت کی وجہ سے دھماکوں اور انتہاء پسندوں کی جانب سے پُرتشدد کارروائیوں کو ہوا دینے پر دکھی ہے جو ہم نے اس ملک میں عالمی وباء کے بعد سے دیکھی ہیں۔ مجھے ہر موقع پر کھڑے ہونے اور نفرت کے خلاف لڑنے پر فخر ہے، لیکن ہمیں مزید کچھ کرنے کی ضرورت ہے، اور یہ قانون سازی یہ واضح کرنے کے لیے ایک اہم قدم ہے کہ ریاست نیو یارک میں نفرت کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ نفرت کی وجہ سے کیے جانے والے جرم کا شکار ہونے والے کسی بھی فرد کو اپنی بیمہ کمپنی کی جانب سے انتقامی کارروائیوں سے خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے صرف یہ بتانے کی وجہ سے کہ ان کے ساتھ کیا ہوا ہے، اور ہر متاثرہ شخص کو انصاف کی فراہمی کے لیے پولیس کو نفرت کی اطلاع دینے میں آسانی محسوس کرنی چاہیے۔ اس بحران سے نمٹنے

کے لیے میں گورنر کی کوششوں اور انصاف کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے ان کی جانب سے اس بل پر دستخط کرنے کے لیے شکر گزار ہوں جو متاثرین کو نقصان پہنچاتے رہتے ہیں"۔

رکنِ اسمبلی Simcha Eichenstein نے کہا، "نفرت کی وجہ سے ہونے والے جرائم کے متاثرین ایک بار پھر امتیازی سلوک کے مستحق نہیں ہیں۔ یہ بل اس بات کو یقینی بنائے گا کہ نفرت پر مبنی جرائم کی وجہ سے ہونے والے کسی بھی دعوے کے باوجود بیمہ کمپنیاں اپنی پالیسیاں برقرار رکھیں۔ اس قانون سازی کی اہمیت کو تسلیم کرنے اور متاثرین کے حقوق کے لیے کھڑے ہونے پر گورنر Hochul کا شکریہ۔"

عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر Hochul نے نفرت کی وجہ سے پُرتشدد کارروائیوں اور نفرت پر مبنی ہر قسم کے جرائم کا مقابلہ کرنے کے لیے سخت کارروائی کی ہے۔ نومبر میں، گورنر Hochul نے ایک مسودۂ قانون پر دستخط کیے تھے جو تحت نفرت پر مبنی جرائم کے مرتکب افراد کو لازمی تربیت یا مشاورت کے عمل سے گزرنے، نیز تنوع کی قبولیت، شمولیت، رواداری، اور تفہیم کے لیے ریاست گیر مہم چلانے کا متقاضی ہے، بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں، مذہب کی بنیاد پر تنوع ، نسل، رنگ، عقیدہ، جنس، نسل، قومی اصل، عمر، معذوری، جنسی رجحان، صنفی شناخت یا اظہار۔ گورنر نے نفرت پر مبنی جرائم کے خطرے سے دوچار بلا منافع کام کرنے والی، علاقے پر مبنی تنظیموں کے تحفظ اور حفاظتی اقدامات کو مضبوط کرنے کے لیے 50 ملین ڈالر کا بھی اعلان کیا تھا، اس کے علاوہ ریاست بھر میں دہشت گرد حملوں کے بڑھتے ہوئے خطرے کا سامنا کرنے والی 240 بلا منافع کام کرنے والی تنظیموں کو وفاقی فنڈ میں 46 ملین ڈالر دینے کا بھی اعلان کیا تھا۔ یہ گزشتہ برس کے 362 بلا منافع کام کرنے والی تنظیموں کو دیے گئے 43 ملین ڈالر کی گرانٹوں پر استوار ہے جو سیکیورٹی کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے اور ممکنہ طور پر نفرت پر مبنی جرائم کے حملوں کے خلاف تیاری کو بڑھانے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ مزید برآں، گورنر کا مالی سال 2023 کا نافذ کردہ بجٹ نفرت پر مبنی جرائم پر گرفتاری اور ضمانت کی اہلیت کو بڑھاتا ہے، جس سے نفرت پر مبنی تمام جرائم پر گرفتاری اہل ہو جاتی ہے اگر فرد کی عمر اٹھارہ سال یا اس سے زیادہ ہو۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418